
رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**65% پاکستانی والدین اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک بھیجنے کے خواہش مندہیں؛ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ خواہش قدرے زیادہ (69%) پائی گئی۔**

اگر موقع ملے تو کیا آپ چاہیں گے کہ آپ کا بچہ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جائے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 9

"بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک جانے کے بارے میں والدین کی ترجیحات"

**65% پاکستانی والدین اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک بھیجنے کے خواہش مند ہیں؛ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ خواہش قدرے زیادہ (69%) پائی گئی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 25 اگست 2026


گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً دو تہائی پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ اگر موقع ملے تو وہ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک بھیجنا چاہیں گے۔ یہ نتائج بیرونِ ملک تعلیمی مواقع میں والدین کی نمایاں دلچسپی کو ظاہر کرتے ہیں۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی نوویں سیریز ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "والدین کی اپنے بچوں کے مستقبل کے پیشے کے بارے میں رائے" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"اگر موقع ملے تو کیا آپ چاہیں گے کہ آپ کا بچہ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جائے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 65% والدین کے مطابق 'ہاں' وہ چاہیں گے کہ ان کا بچہ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک جائے، جبکہ 31% والدین کے مطابق 'نہیں' وہ ایسا نہیں چاہیں گے۔ تقریباً 4% والدین کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں تھا۔ یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستانی والدین کی ایک واضح اکثریت اپنے بچوں کے لیے بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کو ایک پسندیدہ اور پرکشش موقع سمجھتی ہے۔


**"اگر موقع ملے تو کیا آپ چاہیں گے کہ آپ کا بچہ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جائے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک بھیجنے کی خواہش FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں نسبتاً زیادہ (69%) پائی گئی، جبکہ FA سے کم تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 65% رہی۔ اگرچہ دونوں گروپ کے درمیان فرق زیادہ نہیں، تاہم نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں بچوں کی بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کے لیے دلچسپی قدرے زیادہ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی والدین میں اپنے بچوں کی بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے خاصی اور وسیع دلچسپی پائی جاتی ہے، اور اکثریت کا کہنا ہے کہ اگر انہیں موقع ملے تو وہ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک بھیجنا چاہیں گے۔ والدین کی تعلیمی سطح کے لحاظ سے فرق نسبتاً کم ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ خواہش مختلف تعلیمی گروہوں میں عمومی طور پر پائی جاتی ہے، تاہم ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ رجحان قدرے زیادہ ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 25th August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)